© rasailojaraid.com


اداریات

مدیر مجلّہ

# قارئین کی خدمت میں چند گذارشات

(۱) محدث کے سائز میں تبدیلی: ۳۰، ۳۵ برس سے ماہنامہ 'محدث' جس سائز میں شائع ہوتا رہا ہے، طباعتی رجحانات میں تبدیلی کے باعث اس سائز کا حصول اَب مشکل ہوگیا ہے۔ 20×26/8 سائز کا کاغذ جہاں چند سالوں سے مارکیٹ میں آنا بند ہوگیا ہے، وہاں اس سائز پر اُٹھنے والی طباعت اور جلد بندی کی لاگت میں بھی اضافہ ہوگیا ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کتابوں کیلئے بھی یہ سائز متروک ہوگیا۔ یہ سائز تیار کرنے کیلئے کاغذ کو ضائع کرنا پڑتا ہے محدث کے اکثر مضامین جب دوسرے مجلّات رِی پرنٹ کرتے ہیں تو انہیں بھی اسے ریڈیوس کرنا پڑتا ہے، اور کتب کیلئے بھی محدث کے مضامین کو دوبارہ ایڈجسٹ کرنا ضروری ہوتا ہے۔

طباعتی رجحانات میں تبدیلی کا اثر اس سائز میں شائع ہونے والے دیگر رسائل مثلاً بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے مجلّہ 'فکرونظر'، جماعتِ اسلامی کے ماہنامہ 'ترجمان القرآن' اور ادارۂ منہاج القرآن کے ماہنامہ 'منہاج القرآن' وغیرہ پر بھی پڑا ہے، اور انہوں نے بھی اپنی سابقہ طویل روایات کے برعکس اپنے مجلّات کے سائز میں تبدیلی کرلی ہے۔

سابقہ سائز کے دیدہ زیب ہونے کے باوجود محدث کا سائز بدلنے کے سوا اب کوئی چارہ نہیں رہا۔ اُمید ہے کہ چند ماہ گزرنے کے بعد یہ سائز بھی قارئین کے لیے اجنبی نہیں رہے گا اور دیگر ضروری فوائد کے پیش نظر وہ اسے قبول فرمائیں گے۔ ۳۵ برس میں پہلی بار ٹائٹل کو چار رنگہ شائع کرنے کے علاوہ، صفحات کی تعداد بھی زیادہ کردی گئی ہے۔

(۲) محدث کی اشاعت میں بے قاعدگی: ماہنامہ 'محدث' کے ساتھ مختلف نوعیت کے متعدد ادارے ہیں، جن میں جامعہ لاہور الاسلامیہ کے نام سے ایک بڑی دینی درسگاہ کے علاوہ خواتین کے بھی بعض ادارے شامل ہیں۔ محدث کے ذمہ داران دیگر اداروں کے لیے ہر طرح کے وسائل کی فراہمی اور ان کی دیکھ بھال کے بھی ذمہ دار ہیں۔ ان متنوع مالی، انتظامی اور تعلیمی

www.KitaboSunnat.com

© rasailojaraid.com


وتحقیقی مصروفیات میں محدث کی اشاعت میں باوجود نہ چاہتے ہوئے بھی تاخیر ہوجاتی ہے۔

دوسری طرف قارئین اس امر کے بھی گواہ ہیں کہ محدث میں بھرتی کی بجائے بامقصد مضامین کو شائع کیا جاتا ہے، معیاری اور دیدہ زیب پیشکش جس پر مستزاد ہے۔یہی وجہ ہے کہ محدث برصغیر کے ۲ ہزار سے زائد علمی ودینی جرائد میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے اور رسائل کی برادری میں ۳۵ سال کے طویل عرصے میں ہمیشہ محدث کو بڑی وقیع نظر سے دیکھا گیا ہے۔

بہرحال محدث کی تاخیر کے لیے ہم اپنے قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔ اس تاخیر کی وجوہات میں خصوصی نمبر کی اشاعت کے علاوہ راقم الحروف کا ۴۵ روزہ غیر ملکی سفر بھی شامل ہے، جس سے واپسی کے فوراً بعد ہی جامعہ میں نئے تعلیمی سال کی مصروفیات بھی ہیں۔ چندماہ سے کی بے قاعدگی پر قابو پانے کے لئے تازہ شمارہ مارچ او راپریل کا مشترک کردیا گیا ہے، اور دسمبر،جنوری،فروری کے شمارہ جات مستقل صورت میں قارئین کوارسال کئے جاچکے ہیں۔

ترسیل کی شکایات محدث کے فون نمبرز 5866476, 5866396, 5839404 پر بھی وصول کی جاتی ہیں۔اگر کوئی صاحب محدث کا اجرا کرنا چاہتے ہوں تو وہ بھی فون سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اتوار کے ماسوا باقی دنوں میں صبح سے شام تک محدث کے فون نمبر پر ظفرحسین صاحب کو آپ محدث کے بارے میں اپنے پیغامات نوٹ کرائیے۔ان شاء اللہ ان کی تعمیل کی جائے گی۔نیا رسالہ لگوانے والے بھی فون پر VP کا تقاضا بھجوا سکتے ہیں۔یعنی ڈاکیہ ان سے خود زرِسالانہ وصول کر کے ہمیں پہنچا دے گا۔ امید ہے آپ حضرات کا تعاون ہمیں آئندہ بھی حاصل رہے گا۔جن حضرات نے محدث کی توسیع اشاعت مہم میں شرکت کرکے اسے آگے پھیلانے کا نیک فریضہ انجام دیا ہے، ہم ان کے خلوص کی قدر کرتے ہیں اوران کی توقعات پر پورا اُترنے کی کوشش کرتے رہیں گے......!

محدث میں شائع شدہ مضامین پر اپنے تبصروں سے آپ ہمیں آگاہ فرماتے رہیں۔آپ کی رائے کو وقعت دینے کے علاوہ ان کو شائع بھی کیا جائے گا، ان شاءاللہ

(۳) محدث کی سابقہ فائلیں: محدث کا ریکارڈ رکھنے میں مدد کے لیے، پاکستان کے تمام رسائل وجرائد میں پہلی بار ہم ۳۵ برس سے آج تک شائع ہونے والے محدث کے تمام شمارہ جات کا ایک مسلسل نمبر متعارف کرارہے ہیں۔آئندہ سے محدث کے ہر شمارے کے ٹائٹل پر بائیں کونے